FAROOQ SATTAR OOMERBHOY HIGH SCHOOL FOR BOYS, JOGESHWARI (WEST)

Std : X | I SEMESTER EXAMINATION 2021 | M.Marks : 40 23

Date : 13 / 10 / 2021 | SUBJECT : GEOGRAPHY | Time : 2 Hrs

سوال نمبر 1 : قوسین میں دیئے گئے متبادل میں سے صحیح متبادل کا انتخاب کر کے بیانات مکمل کیجئے اور جملے مکمل کیجئے۔ 2

1 ۔ بھارت کی آب وہوا ۔۔۔۔۔۔۔۔ قسم کی ہے ۔ (مرطوب ۔ مانسونی ۔ سرد)

2 ۔ برازیل کے جنوب مشرقی حصہ میں خاص طور پر ۔۔۔۔۔۔قسم کی بستی پائی جاتی ہے۔ (مرکوز ۔ خطی ۔ منتشر)

صحیح گروہ پہچانیے 2

1 ۔ بھارت کی ریاستیں۔

(الف) مہاراشٹر، گجرات، رورائما (ب) آماپا ، اروناچل پردیش (ج) اُتر پردیش، جموو کشمیر، راجستھان

2 ۔ برازیل کے یہ دریا شمالی سمت بہنے والے ہیں۔

(الف) نیگرو، برانکا، پارو (ب) جاپوا، جاروآ، پرس (ج) جروکا، زنگو، اراگوا

سوال نمبر 2 : مناسب جوڑیاں لگائیے۔ 4

الف	ب
1۔ فٹ بال	الف۔ سندری
2 ۔ نئی دہلی	ب ۔ ساگوان
3 ۔ ساحلی جنگلات	ج ۔ پائن
4 ۔ ہمالیہ کے جنگلات	د ۔ بھارت کی راجدھانی
	ھ ۔ برازیل کا مشہور کھیل

سوال نمبر 3 : درج ذیل بیانات صحیح ہیں یا غلط لکھیے۔ 4

1 ۔ علاقائی سیر (مطالعہ) کے دوران نباتات بارش(Precipitation) کے تناسب کے فرق کو ظاہر نہیں کرتی ہیں۔

2 ۔ دریائے گنگا' برفانی دریا 'دریائے جمنوتری سے نکلتا ہے۔

3 ۔ برازیل کا بیشتر حصہ جنوبی نصف کرہ میں واقع ہے۔

4 ۔ اُستوائی گھنے جنگلات کی آب وہوا صحت بخش معلوم ہوتی ہے۔

سوال نمبر 4 (A) : دیئے گئے برازیل کے نقشے میں درج ذیل مقامات کی نشان دہی کیجیے اور فہرست بنائیے۔ (کوئی چار) 4

1 ۔ رقبے کے لحاظ سے برازیل کی چھوٹی ریاست

2 ۔ جزیرہ ماراجا

3 ۔ خشک چوگوشہ

4 ۔ برازیل کی راجدھانی

5 ۔ کلنکا

صفحہ 2 پر جاری۔۔۔۔

سوال4 (B) : دیئے گئے بھارت کے نقشے کا بغور مطالعہ کیجیے اور نیچے پوچھے گئے سوالات کے جوابات لکھئے۔ (کوئی چار) 4



سوالات : 1 ۔ بھارت کے شمالی سمت میں کن ممالک کی سرحدیں ہیں ؟

2 ۔ ریاستِ مغربی بنگال کے مشرق میں کس ملک کی سرحد ہے ؟

3 ۔ مہاراشٹر کے مغرب میں کون سا سمندر ہے ؟

4 ۔ بحرعرب میں کون سے جزائر ہیں ؟

5 ۔ بھارت میں رقبہ کے لحاظ سے سب سے بڑی ریاست کون سی ہے ؟

سوال نمبر5 : مندرجہ ذیل کی جغرافیائی وجوہات لکھئے۔ (کوئی دو) 6

1 ۔ بھارت کے مشرقی ساحل پر قدرتی بندرگاہیں کم ہیں۔

2 ۔ برازیل میں منطقہ حارّہ کے گردباد طوفان کم پیمانے پر آتے ہیں۔

3 ۔ بھارت میں شہر کاری میں اضافہ ہو رہا ہے ۔

سوال نمبر6 :(A) درجہ ذیل جدول میں برازیل میں ہونے والی بارش کا تناسب دیا گیا ہے۔دی گئی شماریات کی مدد سے ستونی ترسیم تیار کیجیے اور درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے: 6

برازیل ۔ سالانہ اوسط بارش (ملی میٹر میں)

قدرتی حصے	دریائے امیزان کی وادیاں	پیراگوے۔پیرانا کی وادیاں	برازیل کی بلند زمین	ساحلی علاقے
سالانہ اوسط بارش	۲۰۰	۱۵۰۰	۶۰۰	۱۲۰۰

صفحہ 3 پر جاری-----

Khan's Academy

سوال6(A) : سوالات : 1 ۔ پیرا گوے اور پیرانا کی وادیوں میں سالانہ اوسط بارش کا تناسب کتنا ہے ؟

2 ۔ آپ کی بنائی ہوئی ترسیم میں Y محور کیا ظاہر کرتا ہے ؟

3 ۔ برازیل میں سب سے زیادہ سالانہ اوسط بارش کا علاقہ کون سا ہے ؟

یا

6 (B) : دی ہوئی ترسیم کا بغور مشاہدہ کر کے نیچے دیے ہوئے سوالوں کے جواب لکھیے :



سوالات : 1) دی گئی ترسیم کس قسم کی ہے؟

2) ۱۹۶۱ء میں شہر کاری کا فی صد کتنا تھا؟

3) کس دہائی میں شہر کاری میں اضافہ سب سے کم تھا؟

4) ۲۰۰۱ء تا ۲۰۱۱ء اس دہائی کے درمیان شہر کاری میں کتنا فرق پایا گیا ہے؟

5) کس دہائی میں شہر کاری میں اضافہ سب سے زیادہ تھا؟

6) ترسیم میں X ۔ محور کیا ظاہر کرتا ہے ؟

8 سوال نمبر 7 : درج ذیل سوالوں کے مُفصل جواب لکھیے ۔ (کوئی دو)

1 ۔ بھارت میں دریاؤں کی آلودگی پر قابو پانے کے لیے کون کون سے منصوبے جاری ہیں ؟

2 ۔ برازیل کی آب وہوا پر اثر انداز ہونے والے عوامل لکھیے ۔

3 ۔ جنوب سے شمال کی جانب بھارت کی آب وہوا میں ہونے والی تبدیلی کو مختصراً بیان کیجیے ۔

﴿ ختم شُد ﴾